# THE THAL INDUSTRIES CORPORATION LIMITED

## NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting (EOGM) of the shareholders of **The Thal Industries Corporation Limited ("the Company")** will be held on **Friday, the 27th September 2024 at 15:00** (hours) at registered office at 23-Pir Khurshid Colony, Multan, and through electronically video link/Zoom application, to transact the following special business:

**SPECIAL BUSINESS:**

To approve related party transaction of acquisition of freehold land measuring 112 Kanals and 11 Marlas adjacent to Unit No. 1 of the Company: Layyah Sugar Mills, Mandi Town, Layyah from Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company (related party) to meet the requirement of additional molasses storage, bagasse storage yard and sugarcane yard, by passing the following special resolution with or without modification(s) under Section 208 of the Companies Act, 2017:

**RESOLVED that** approval of the shareholders of The Thal Industries Corporation Limited (the Company) be and is hereby granted under Section 208 of the Companies Act, 2017 for carrying out related party transaction of acquisition of freehold land measuring 112 Kanals and 11 Marlas, adjacent to Unit No. 1 of the Company: Layyah Sugar Mills, Mandi Town, Layyah from Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company (related party) at a price of Rupees 2,004,550,000 (fair value determined by an approved independent valuer).

**FURTHER RESOLVED** that any director of the Company and/or his / her nominee be and are hereby singly empowered and authorized to take all steps and actions necessary, incidental and ancillary including execution of any and all documents and agreements as may be required in this regard and to do all acts, matters, deeds and things as may be necessary or expedient for the purpose of implementing the aforesaid resolution.

**Lahore**

**Dated: 06th September, 2024**

**BY ORDER OF THE BOARD**

**(WASIF MAHMOOD)**
**Company Secretary**

**NOTES:**

**1. Closure of Shares Transfer Books:**

Share Transfer Books of the Company will remain closed from **21-09-2024 to 27-09-2024** (both days inclusive). No transfer of shares will be accepted for registration during the closed period. However, transfer received at the office of the Company's Share Registrar Office at M/s. Corplink (Pvt.) Limited, Wings Arcade, 1-K, Commercial Model Town, Lahore, Telephone No. 042-35916714, Email address: corplink786@gmail.com by the close of business hours (05:00 PM) on 20th September 2024 will be considered in time for the purpose of the EOGM.

**2. Appointment of Proxy:**

A member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint another member as proxy to attend and vote instead of him/her. The instrument appointing a proxy must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time fixed for EOGM.

**3. Online Participation in EOGM vis Zoom application:**

In view of Directives / Instructions / Guidelines of SECP and other Government Dept. / Institutions as issued from time to time, listed companies are required to arrange for online along with physical participation in general meetings. The shareholders may login and participate in the proceedings of EOGM through their own smart phones/computers from their own convenient locations after completing all formalities as required for verification and identification of shareholders to attend the EOGM electronically, the Login facility will be opened about half hour before start of EOGM.

The shareholders of TICL, who wish to attend the EOGM electronically through video link, are requested to register their following particulars by sending an e-mail at **info@thalindustries.com** or +92 42 35771066-71 by or before the close of business hours (05:00 p.m) on **26-09-2024**.

| Folio /CDC account No | No. of Shares held | Name of Shareholder | Father's/Husband's Name | CNIC No. | Cell Phone No. with WhatsApp | Active email address |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

**4. Verification and Identification of Participants at EOGM:**

Each online participant shall authenticate his/her identity at EOGM by enabling clear camera of his/her computer device / mobile etc. for verification and identification purposes.

(a) For Attending the Meeting (i) In case of Individuals, the account holder and/or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall authenticate his/her identity by submitting online scan/photo of his/her original CNIC/Passport along with Participant ID & Account number at the time of login to the video link/Zoom application for attending online EOGM. (ii) In case of corporate entity, scan/photo of the Board's resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be submitted online (unless it has been provided earlier) at the time of login to the video link/Zoom application for attending online EOGM.

(b) For Appointing Proxies (i) In case of individuals, the account holder and/or sub-account holder, whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall submit scan/photo of the proxy form as per above requirements. (ii) The proxy form shall be (i) duly stamped with adhesive revenue tickets of PKR 50/- and (ii) witnessed by two persons, whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the proxy form. (iii) Attested copies of CNIC or the Passport of beneficial owners and of the proxy shall be furnished with the proxy form. (iv) The proxy shall submit scan/photo of his original CNIC or Passport at the time of login to the video link/Zoom application for attending online EOGM. (v) In case of corporate entity, scan/photo of the Board's resolution / power of attorney with specimen signature thereon shall be submitted online (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company at the time of login to the video link/Zoom application for attending online EOGM.

5. **Video Conferencing Facility:**
If the Company receives consent from members holding aggregate 10% or more shareholding, residing in geographical location to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of EOGM, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.
In this regard, please fill the following and submit to registered address of the company at least 7 days prior to the date of EOGM.
"I/We, ____________________ of ____________________, being a member of the Thal Industries Corporation Limited, holder of ______________ ordinary share(s) as per Registered Folio/CDC Account/Sub Account No. ____________________ hereby opt for video conference facility at ______________.

6. **Placement of Notice & Proxy Forms and other item of agenda (if any) on the Company's Website:**
The Company has placed the Notice of EOGM along with Form of Proxy in English & Urdu languages and other item of agenda (if any) on the Company's website: www.thalindustries.com and at PUCARS website of PSX.

7. **Voting on Special Businesses:**
In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, as amended, entitled shareholders of the Company are being allowed to exercise their right to Vote through Electronic Voting and Voting by Post on Special Businesses of the notice of EOGM, in the manner and subject to the conditions contained in the aforesaid regulations;
   (a) **Procedure for Electronic Voting:**
   M/s. Corplink (Pvt) Limited/Share Registrar of the Company/E-Voting Service Provider for the Company) has been appointed as e-voting Service Provider of the Company for Special Business to be conducted in EOGM; (i) Details of electronic voting (including website address, Login and Password) shall be provided to entitled shareholders of the Company through their email addresses as available with the Company, whereas security codes will be communicated to the shareholders through SMS on their mobile phone numbers as available with the Company from the web portal of Corplink; (ii) Identities of shareholders shall be authenticated through electronic signatures/authentication for login; (iii) E-voting lines will open at 9:00 hours on September 24, 2024 and close at 05:00 p.m on September 26, 2024. No subsequent change will be allowed once the vote is cast during this period.
   (b) **Procedure for Voting by Post:** Shareholders may complete and sign the Ballot Paper and send the same along with the copy of valid and legible copy of Computerized National Identity Card (CNIC) either through scan & email or via courier/post to the address as mentioned on the Ballot Paper till September 26, 2024. The signature on the ballot paper must match with signature on CNIC.

8. **Conversion of Physical Share Certificates into Book Entry Form:**
As per Section 72 of the Companies Act, 2017 all existing companies are required to convert their physical shares into book-entry form within a period not exceeding four years from the date of commencement of the Companies Act. 2017. The Securities Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its circular No. CSD/ED/Misc. /2016-639-640 dated March 26, 2021, has advised the listed companies to pursue their such members who still hold shares in physical form to convert their shares into book-entry form.
We hereby requested all such members of TICL who are holding shares in physical form to convert their shares into book-entry form at the earliest. They are also suggested to contact the Central Depository Company of Pakistan Limited or any active member/stockbroker of the Pakistan Stock Exchange to open an account in the CDC to facilitate the conversion of physical shares into book-entry form.
Shareholders may contact Share Registrar of the Company (M/s. Corplink (Pvt.) Limited) to understand the process of conversion of physical shares into the book entry form and benefits of holding book entry shares.

9. **MANDATORY INFORMAION (EMAIL, CNIC, IBAN AND ZAKAT DICLARATION)**
In compliance with Section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 19 Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018 members are requested to immediately provide their mandatory information such as CNIC number, updated mailing address, email, contact mobile/telephone number and International Banking Account Number (IBAN) together with a copy of their CNIC to update our records and to avoid any non-compliance of the law, otherwise all dividends will be withheld in terms of Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.
Member are requested to submit a declaration (CZ-50) as per Zakat & Ushr Ordinance 1980 for zakat exemption shall be submitted to Broker/CDC (in case of CDS shareholder) and to the Company's Share Registrar (in case of physical shareholder), then his/her zakat status in the dividend entitlement register may be found as Muslim Zakat Payable, and the Company will be constrained to make compulsory deductions of Zakat @ 2.5% of face value of each share from the gross amounts of his/her cash dividends.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS
## UNDER SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT 2017

A statement required under this section relating to Special Business is appended to the Notice of this meeting being sent to the shareholders of the Company by Post.

## STATEMENT U/S 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

The statement set out the material facts concerning the special business to be transacted at the EOGM of members of the Company to be held on Friday, September 27, 2024, therefore, this transaction has been placed before the shareholders of the Company for their approval.
The Company intends to purchase freehold land measuring 112 Kanals and 11 Marlas, adjacent to Unit No. 1 of the Company: Layyah Sugar Mills, Mandi Town, Layyah from Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company (related party) to meet the requirement of additional molasses storage, bagasse storage yard and sugarcane yard.
The Board of Directors of the Company in their meeting held on 27 August 2024 has directed that the matter of acquisition of freehold land be placed before the extraordinary general meeting of shareholders of the Company for approval as special resolution.
Tristar International Consultant (Private) Limited, an independent valuer (appearing in the list of approved valuers of Pakistan Banks' Association) has carried out fair valuation of the aforesaid freehold land. Fair value of the aforesaid freehold land duly determined by the aforesaid approved independent valuer is Rupees 2,004,550,000. Further, necessary due diligence for the proposed transaction has been carried out. Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company (related party) is the current legal and beneficial owner of the aforesaid freehold land and full payment of the aforesaid amount (fair market value duly determined by an approved independent valuer) shall be made to him by the Company against purchase of the aforesaid freehold land. The Company is expected to benefit from clean title of the freehold land under reference and its ideal location next to its Unit No. 1.
Proper prescribed procedure including execution and registration of the deed before the registration authority and mutation shall be followed for transfer of title of the aforesaid freehold land in the name of the Company on full payment to aforesaid related party.
Specific interest of Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company in this special resolution is mentioned above. There is no specific interest of the other directors in this special resolution and deemed to be interested in the resolution only to the extent of their shareholding. All documents relevant to the transaction shall be available for inspection by the members in the EOGM.

# BALLOT PAPER

Ballot paper for voting through post for poll to be held at Extraordinary General Meeting on 15:00 hours September 27, 2024 at Registered office 23 Pir Khurshid Colony, Multan.

# THE THAL INDUSTRIES CORPORATION LIMITED

Registered office 23-Pir Khurshid Colony, Multan (www.thalindustries.com)
Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: qaiser.shamim@nbcpepsi.comName of shareholder/joint shareholders

| | |
|---|---|
| Name of shareholder/joint shareholders | |
| Registered Address | |
| Number of shares held and folio number | |
| CNIC Number (copy to be attached) | |
| Additional Information and enclosures (In case of representative of body corporate, Corporation and Federal Government.) | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following resolutions through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below (delete as appropriate);

| Sr. No. | Nature and Description of special resolution | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1. | **Special Resolution**<br>**RESOLVED that** approval of the shareholders of The Thal Industries Corporation Limited (the Company) be and is hereby granted under Section 208 of the Companies Act, 2017 for carrying out related party transaction of acquisition of freehold land measuring 112 Kanals and 11 Marlas, adjacent to Unit No. 1 of the Company: Layyah Sugar Mills, Mandi Town, Layyah from Mr. Muhammad Shamim Khan, Chief Executive Officer of the Company (related party) at a price of Rupees 2,004,550,000 (fair value determined by an approved independent valuer).<br>**FURTHER RESOLVED** that any director of the Company and/or his / her nominee be and are hereby singly empowered and authorized to take all steps and actions necessary, incidental and ancillary including execution of any and all documents and agreements as may be required in this regard and to do all acts, matters, deeds and things as may be necessary or expedient for the purpose of implementing the aforesaid resolution. | | | |

Signature of shareholder(s)__________________ Place:______________ Date:_________

**NOTES:**

1. Dully filled postal ballot should be sent to chairperson of TICL, at Registered office 23 Pir Khurshid Colony, Multan Pakistan. (email: qaiser.shamim@nbcpepsi.com)
2. Copy of CNIC should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach chairman of the meeting on or before September 26, 2024. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.

# دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ

## اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام، بروز جمعہ 27 ستمبر 2024ء بوقت 15:00 بجے رجسٹرڈ دفتر، 23-پیر خورشید کالونی، ملتان میں اور الیکٹرونیکلی وڈیو لنک / زوم ایپلی کیشن کے ذریعے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**خصوصی امور:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 208 کے تحت معہ یا بلا ترمیم خصوصی قرارداد منظور کر کے اضافی مولاسس اسٹوریج، بیگاس اسٹوریج یارڈ اور شوگر کین یارڈ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب محمد شمیم خان (متعلقہ فریق) سے کمپنی کے یونٹ 1: لیہ شوگر ملز، منڈی ٹاؤن، لیہ سے ملحقہ فری ہولڈ رقبہ تعدادی 112 کنال 11 مرلے کے حصول کی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن کی منظوری دینا۔

" قرار پایا کہ دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کی منظوری ہے اور بذریعہ ہذا کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 208 کے تحت کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب محمد شمیم خان (متعلقہ فریق) سے کمپنی کے یونٹ 1: لیہ شوگر ملز، منڈی ٹاؤن، لیہ سے ملحقہ فری ہولڈ رقبہ تعدادی 112 کنال 11 مرلے 2,004,550,000 روپے کی قیمت (منظور شدہ آزاد ویلیور کی تعین کردہ مناسب قیمت) پر حصول کی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کا کوئی ڈائریکٹر اور/ یا اس کے نامزد کردہ مکمل طور پر بااختیار اور مجاز ہیں کہ وہ اس سلسلے میں کسی بھی اور تمام دستاویزات اور معاہدوں پر عملدرآمد سمیت تمام ضروری، حادثاتی اور معاون اقدام اور اقدامات کریں اور مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد سے تمام اقدامات، معاملات، اعمال اور چیزیں کریں جو ضروری یا مناسب ہوں۔

لاہور
06 ستمبر 2024ء

بحکم بورڈ
(واصف محمود) کمپنی سیکرٹری

## نوٹس:

1- **حصص منتقلی کتابوں کی بندش:**

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 21 ستمبر 2024ء تا 27 ستمبر 2024ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مدت بندش کے دوران حصص کی کسی منتقلی کی رجسٹریشن قابل قبول نہ ہوگی۔ تاہم، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور فون نمبر: 042-35916714، ای میل ایڈریس: corplink786@gmail.com میں 20 ستمبر 2024ء کو کاروبار کے اختتام (شام 05:00 بجے) تک موصولہ منتقلیاں EOGM کے مقصد کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

2- **پراکسی کی تقرری:**

EOGM میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی دیگر رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی تقرری کے آلات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں EOGM کے لئے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہو جانے چاہئیں۔

3- **زوم ایپلی کیشن کے ذریعے EOGM میں آن لائن شرکت**

SECP اور دیگر سرکاری محکموں/ اداروں کی وقتاً فوقتاً جاری کردہ ہدایات/ گائیڈ لائنز کے پیش نظر، مندرجہ کمپنیوں پر لازم ہے کہ وہ عام اجلاسوں میں مادی شراکت کے ساتھ ساتھ آن لائن شراکت کے انتظامات کریں۔ حصص داران EOGM میں الیکٹرونیکلی شرکت کے لئے حصص داران کی تصدیق اور شناخت کے لئے ضروری تمام فارمیلٹیز مکمل کرنے کے بعد اپنے سہولت کے مقامات سے اپنے ذاتی سمارٹ فونز/ کمپیوٹرز کے ذریعے EOGM کی کارروائی میں لاگ ان اور شرکت کر سکتے ہیں، لاگن سہولت EOGM کے آغاز سے تقریباً آدھا گھنٹہ قبل کھولی جائے گی۔

TICL کے حصص داران، جو وڈیو لنک کے ذریعے EOGM میں الیکٹرونیکلی شرکت کے خواہشمند ہیں سے درخواست ہے کہ 26-09-2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام (05:00 p.m) تک یا قبل info@thalindustries.com پر ای میل بھیج کر اپنے درج ذیل کوائف رجسٹر کروائیں۔

| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ملکیتی حصص کی تعداد | حصص دار کا نام | والد/ خاوند کا نام | CNIC نمبر | موبائل فون نمبر معہ وٹس ایپ | فعال ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

4- **EOGM میں شرکاء کی تصدیق اور شناخت:**

ہر آن لائن شرکت کنندہ EOGM میں تصدیق اور شناخت کے مقاصد کے لیے اپنے کمپیوٹر ڈیوائس/ موبائل وغیرہ کے صاف کیمرے کو فعال کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

(a) اجلاس میں شرکت کے لیے (i) واحد فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اپنی شناخت کی تصدیق آن لائن EOGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن میں لاگ ان کے وقت اپنے اصل CNIC/ پاسپورٹ معہ پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر کی آن لائن اسکین/ تصویر جمع کروا کر کریں گے۔ (ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن میں لاگ ان کے وقت آن لائن EOGM میں شرکت کے لیے بورڈ کی قرارداد کی اسکین/ تصویر/ پاور آف اٹارنی نامزد شخص کے نمونے کے دستخط کے ساتھ آن لائن جمع کرایا جائے گا (جب تک یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(b) پراکسیز کی تقرری کے لیے (i) واحد فرد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم کی اسکین/ تصویر جمع کرائیں گے۔ (ii) پراکسی فارم (i) -/50 روپے کے رسیدی ٹکٹ چسپاں کے ساتھ صحیح طور پر مہر شدہ ہوگا اور (ii) دو افراد کی گواہی ہوگی، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں گے۔ (iii) پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفشل مالکان اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کی جائیں گی۔ (iv) پراکسی آن لائن EOGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلیکیشن پر لاگ ان کے وقت اپنے اصل CNIC یا پاسپورٹ کی اسکین/ تصویر جمع کرائے گا۔ (v) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو آن لائن EOGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک/ زوم ایپلی کیشن میں لاگ ان کے وقت بورڈ کی قرارداد کی اسکین/ تصویر/ پاور آف اٹارنی اس پر نمونہ کے دستخط کے ساتھ آن لائن جمع کرائے جائیں گے (جب تک یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

5- **وڈیو کانفرنس سہولت**

اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی 10% یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی EOGM کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔

بابت ہذا میں، درج ذیل کو پُر اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر EOGM کی تاریخ سے کم از کم سات یوم قبل جمع کرائیں۔

میں/ ہم .................. ساکن .................. بحیثیت رکن دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ، مالک .................. عام حصص بمطابق رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ نمبر .................. بذریعہ ہذا .................. میں وڈیو کانفرنس سہولت کا خواہشمند ہوں۔

6- نوٹس اور پراکسی فارمز اور ایجنڈا کے دیگر آئٹمز (اگر کوئی ہوں) کی کمپنی کی ویب سائٹ پر پلیسمنٹ:

کمپنی نے EOGM کا نوٹس معہ پراکسی فارم انگریزی اور اردو زبانوں میں اور ایجنڈا کے دیگر آئٹمز (اگر کوئی ہوں) کمپنی کی ویب سائٹ: www.thalindustries.com اور PSX کی PU CARS ویب سائٹ پر رکھ دیئے ہیں۔

7- خصوصی امور پر ووٹنگ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ترمیم شدہ، کے مطابق، کمپنی کے حقدار شیئر ہولڈرز کو EOGM کے نوٹس کے خصوصی امور پر الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ، اس طریقے سے اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تابع ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے؛

(a) الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار:

میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ/ کمپنی کے شیئر رجسٹرار/ کمپنی کے لیے ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کو EOGM میں سرانجام دیئے جانے والے خصوصی امور کے لیے کمپنی کا ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ مقرر کیا گیا ہے۔(i) الیکٹرانک ووٹنگ کی تفصیلات (بشمول ویب سائٹ ایڈریس، لاگ ان اور پاس ورڈ) کمپنی کے حقدار شیئر ہولڈرز کو ان کے ای میل پتوں کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جو کہ کمپنی کے ہاں دستیاب ہے، جبکہ سیکیورٹی کوڈ شیئر ہولڈرز کو CDCSRSL کے ویب پورٹل سے کمپنی کے ہاں دستیاب ان کے موبائل فون نمبرز پر SMS کے ذریعے بتائے جائیں گے۔؛(ii) شیئر ہولڈرز کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخطوں/ لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔(iii) ای ووٹنگ لائنیں 24 ستمبر 2024 کو 9:00 بجے کھلیں گی اور 26 ستمبر 2024 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ اس مدت کے دوران ووٹ ڈالے جانے کے بعد کسی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

(b) ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

شیئر ہولڈرز بیلٹ پیپر کو مکمل اور دستخط کر کے اور اسے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی مؤثر اور صاف کاپی کے ساتھ یا تو اسکین اور ای میل کے ذریعے یا کوریئر/ ڈاک کے ذریعے 26 ستمبر 2024 تک بیلٹ پیپر پر درج پتہ پر بھیج سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔

8- فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیوں کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز کی تاریخ سے چار سال کی مدت کے اندرون اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانا ضروری ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے مندرجہ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبران جو ابھی بھی فزیکل شکل میں حصص رکھتے ہیں کو ان کے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

ہم نے TICL کے ایسے تمام ممبران جو فزیکل فارم میں شیئرز رکھتے ہیں سے درخواست کی ہے اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ انہیں یہ بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کر کے سی ڈی سی میں اکاؤنٹ کھولیں تاکہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جا سکے۔

شیئر ہولڈرز بک انٹری فارم میں فزیکل شیئرز کی تبدیلی کے عمل اور بک انٹری شیئرز رکھنے کے فوائد کو سمجھنے کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار (میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

9- لازمی معلومات-(ای میل، CNIC، IBAN اور زکوۃ ڈیکلیریشن)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 19 کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، اپ ڈیٹ شدہ میلنگ ایڈریس، ای میل، رابطہ موبائل/ ٹیلی فون نمبر اور بین الاقوامی بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اپنے CNIC کی ایک کاپی کے ساتھ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کے لیے فوری طور پر فراہم کریں، بصورت دیگر تمام ڈیویڈینڈ ز کمپنیز (ڈیویڈنڈز کی تقسیم) ریگولیشنز، 2017 کے ضابطے 6 کے مطابق روک لیا جائے گا۔

ممبران سے درخواست ہے کہ زکوۃ و عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق ڈیکلیریشن (CZ-50) جمع کروائیں تاکہ زکوۃ سے استثنٰی بروکر/ CDC (سی ڈی ایس شیئر ہولڈر کی صورت میں) اور کمپنی کے شیئر رجسٹرار (فزیکل شیئر ہولڈر کی صورت میں) کو جمع کرایا جائے، پھر ڈیویڈنڈ استحقاق رجسٹر میں اس کی زکوۃ کی حیثیت مسلم زکوۃ قابل ادائیگی کے طور پر پائی جا سکتی ہے، اور کمپنی کو اس کے نقد منافع منقسمہ کی مجموعی رقم سے ہر شیئر کی اصل قیمت کے 2.5% پر زکوۃ کی لازمی کٹوتی کرنے پر پابند کیا جائے گا۔

## کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

خصوصی امور سے متعلق اس سیکشن کے تحت مطلوبہ بیان اجلاس نوٹس سے لف، ڈاک کے ذریعے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیان

بیان ہذا مورخہ 27 ستمبر 2024 بروز جمعہ کو منعقد ہونے والے کمپنی کے EOGM میں سرانجام دیئے جانے والے خصوصی امور سے متعلقہ مادی حقائق کا تعین کرتا ہے، چنانچہ، یہ لین دین کمپنی کے حصص یافتگان کے رُوبروان کی منظوری کے لئے رکھا گیا ہے۔

کمپنی اضافی مولاسس اسٹوریج، بیگاس اسٹوریج یارڈ اور شوگر کین یارڈ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب محمد شمیم خان (متعلقہ فریق) سے کمپنی کے یونٹ 1: لیہ شوگر ملز، منڈی ٹاؤن، لیہ سے ملحقہ فری ہولڈ رقبہ تعدادی 112 کنال 11 مرلے خریدنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فری ہولڈ رقبہ کے حصول کا معاملہ خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری کے لئے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاس عام کے رُوبرو رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

ٹرائی سٹار انٹرنیشنل کنسلٹنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایک آزاد ویلیور (پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے منظور شدہ ویلیورز کی فہرست میں شامل) نے مذکورہ فری ہولڈ اراضی کا منصفانہ تخمینہ لگایا ہے۔ مذکورہ بالا منظور شدہ آزاد ویلیور کے ذریعے طے کردہ مذکورہ فری ہولڈ اراضی کی مناسب قیمت 2,004,550,000 روپے ہے۔ مزید برآں، مجوزہ ٹرانزیکشن کے لئے ضروری جانچ پڑتال کی گئی ہے۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (متعلقہ فریق) جناب محمد شمیم خان مذکورہ فری ہولڈ اراضی کے موجودہ قانونی اور بینیفیشل مالک ہیں اور مذکورہ رقم کی مکمل ادائیگی (منظور شدہ آزاد ویلیور کے ذریعے طے کردہ مناسب مارکیٹ قیمت) کمپنی کی جانب سے مذکورہ فری ہولڈ اراضی کی خریداری کے عوض کی جائے گی۔ توقع ہے کہ کمپنی ریفرنس کے تحت فری ہولڈ اراضی کے کلیئر مالکانہ حقوق اور اس کے یونٹ نمبر 1 کے ساتھ اس کے مثالی مقام سے فائدہ اٹھائے گی۔

مذکورہ بالا فری ہولڈ اراضی کے مالکانہ حقوق مذکورہ متعلقہ فریق کو مکمل ادائیگی پر کمپنی کے نام منتقل کرنے کے لئے رجسٹریشن اتھارٹی کے سامنے ڈیڈ پر عمل درآمد اور رجسٹریشن سمیت مناسب مقررہ طریقہ کار پر عمل کیا جائے گا۔

اس خصوصی قرارداد میں کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب محمد شمیم خان کی خصوصی دلچسپی کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ اس خصوصی قرارداد میں دیگر ڈائریکٹرز کی کوئی خاص دلچسپی نہیں ہے اور وہ صرف اپنے حصص کی حد تک قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

ٹرانزیکشن سے متعلق تمام دستاویزات EOGM میں ارکان کے معائنہ کے لئے دستیاب ہوں گی۔


| | | | |
|---|---|---|---|
| Reg. Off: | 23-Pir Khurshid Colony, Gulghast, Multan | Share Registrar: | |
| Tel: | 061-6524621 Fax No. 6524676 | M/s. Corplink (Pvt.) Limited, Wings Arcade, | |
| Lahore Off: | 2D/1, Gulberg III, Lahore | 1-K, Commercial Model Town, Lahore. | |
| Tel: | 042-35771066-71 Fax: 35756687 | Tel:042-5839182, 35887262 Fax:35869037 | |

# بیلٹ پیپر

مورخہ 27 ستمبر 2024 کو 15:00 بجے رجسٹرڈ دفتر، 23- پیر خورشید کالونی، ملتان میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لئے بیلٹ پیپر۔

**دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ**

رجسٹرڈ دفتر، 23- پیر خورشید کالونی، ملتان (www.thalindustries.com)

چیئرمین کا مقررہ ای میل ایڈریس، جس پر صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجے جاسکتے ہیں: qaiser.shamim@nbcpepsi.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈر کا نام: | |
| رجسٹرڈ ایڈریس: | |
| ملکیتی حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| CNIC نمبر (کاپی منسلک ہونی چاہئے) | |
| اضافی معلومات اور وضاحتیں (بصورت باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندگان) | |

میں/ ہم مندرجہ ذیل قراردادوں کے سلسلے میں اس پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ اپنے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر مندرجہ ذیل قراردادوں پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتے ہیں:

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | عام حصص کی تعداد جن کے لئے ووٹ کاسٹ کئے جائیں گے | میں/ ہم قرارداد پر رضامند ہیں (FOR) | میں/ ہم قرارداد کے خلاف ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **خصوصی قرارداد:**<br>"قرار پایا کہ دی تھل انڈسٹریز کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کی منظوری ہے اور بذریعہ ہذا کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 208 کے تحت کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب محمد شمیم خان (متعلقہ فریق) سے کمپنی کے یونٹ 1: لیہ شوگر ملز، منڈی ٹاؤن، لیہ سے ملحقہ فری ہولڈ رقبہ تعدادی 112 کنال 11 مرلے 2,004,550,000 روپے کی قیمت (منظور شدہ آزاد ویلیور کی تعین کردہ مناسب قیمت) پر حصول کی متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشن کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔<br>مزید قرار پایا کہ کمپنی کا کوئی ڈائریکٹر اور/ یا اس کے نامزد کردہ مکمل طور پر بااختیار اور مجاز ہیں کہ وہ اس سلسلے میں کسی بھی اور تمام دستاویزات اور معاہدوں پر عملدرآمد سمیت تمام ضروری، حادثاتی اور معاون اقدام اور اقدامات کریں اور مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد سے تمام اقدامات، معاملات، اعمال اور چیزیں کریں جو ضروری یا مناسب ہوں۔ | | | |

_____________ مقام _____________ تاریخ _____________

شیئر ہولڈر کے دستخط

## نوٹس:

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ TICL کے چیئرمین، کو رجسٹرڈ دفتر، 23- پیر خورشید کالونی، ملتان پاکستان (ای میل: qaiser.shamim@nbcpepsi.com) پر بھیجنا چاہیے:۔

2۔ CNIC کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارمز 26 ستمبر 2024 کو یا قبل صدر اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

5۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔